Allied Bank

**CORPORATE AFFAIRS GROUP**

HO/CAG/RAU/2024/02
March 07, 2024

**The General Manager**
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road
**Karachi**

Sub: **Notice of 78th Annual General Meeting of Allied Bank Limited**

Dear Sir,

Enclosed please find a copy of the Notice of 78th Annual General Meeting of Allied Bank Limited to be held on Thursday, March 28, 2024 for circulation amongst the TRE Certificate Holders of the Exchange.

Yours Sincerely,

**Adeel Javaid**
Company Secretary

Encl: As above

Published in Daily Business Recorder (combined editions; Karachi, Lahore & Islamabad) today i.e., Thursday, March 07, 2024

Allied Bank

www.abl.com

# NOTICE OF 78th ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that 78th Annual General Meeting of Allied Bank Limited (the "Bank") will be held physically as well virtually (through Zoom) on Thursday, March 28, 2024 at 11:00 a.m. at Palace Hall, Pearl Continental Hotel, Lahore, Pakistan to transact the following business:

**Ordinary Business:**

1. To confirm the minutes of 77th Annual General Meeting of Allied Bank Limited held on March 28, 2023.
2. To receive, consider and adopt Annual Audited Financial Statements of the Bank (consolidated and unconsolidated) for the year ended December 31, 2023 together with the Auditors' Report, Directors' Report and Chairman's Review Report thereon.

   Financial Statements of the Bank are being dispatched through CD/DVD and are also uploaded on corporate website of the Bank which can be downloaded from the following link;
   **www.abl.com/investor-relations/financials/financial-presentations/**

3. To consider and approve Final Cash Dividend @ 40% (i.e., Rs. 4.00 per share) as recommended by the Board of Directors. This Final Cash Dividend would be in addition to 80% Interim Cash Dividend (i.e., Rs. 8.00 per share) already paid to the shareholders for the year ended December 31, 2023.

4. To appoint Statutory Auditors of the Bank for the year ending December 31, 2024 and fix their remuneration. The retiring Auditors, M/s. EY Ford Rhodes Chartered Accountants, being eligible has offered themselves for reappointment. The audit firm appointed will hold office till conclusion of the next Annual General Meeting (AGM) to be held in the year 2025.

**Special Business:**

5. To consider and approve circulation of Annual Audited Financial Statements of the Bank to its shareholders through QR enabled code and weblink instead of circulation through CD/DVD /USB by passing the Ordinary Resolution:

Statement of Material Facts under Section 134(3) of the Companies Act, 2017 along-with draft resolution pertaining to the abovementioned Special Business is annexed to this Notice.

**Other Business:**

6. To transact any other business with the permission of the Chair.

**Date: March 07, 2024**
**(Lahore)**

**By Order of the Board**
**Adeel Javaid**
**Company Secretary**

**NOTES:**

1. Copy of 77th AGM minutes held on March 28, 2023 is being provided to the shareholders through DVD/ email along with the notice. Minutes of AGM are also available for inspection of Members at registered office of the Bank.

2. Share Transfer Books of the Bank will remain closed from **Thursday, March 21, 2024 to Thursday, March 28, 2024 (both days inclusive)**. Share transfer requests received at Bank's Share Registrar **M/s. CDC Share Registrar Services Limited, CDC House, 99-B, Block-B, S.M.C.H.S, Main Shahra-e-Faisal, Karachi** before the close of business on **Wednesday, March 20, 2024** will be treated in time for the purpose of transfer of shares, for determining entitlement of the dividend, and to attend & vote in the AGM.

3. All members are entitled to attend and vote at the Meeting.

4. A member entitled to attend and vote at the Meeting may appoint another member as a proxy to attend, speak and vote on his/her behalf; and the proxy appointed should be a member of Allied Bank Limited.

   A corporate entity, being a member, may authorize through resolution of its Board / power of attorney or other governing body, an individual to act as its representative and the individual so authorized shall be entitled to exercise the same powers on behalf of the corporate entity which he represents.

5. CDC Account Holders will follow the guidelines as laid down in Circular 1 dated January 26, 2000 issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan.

6. Requirements for attending the Annual General Meeting are as below:
   i) In case of individuals, the Account Holder or Sub-account Holder and / or the person whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per Central Depository Company of Pakistan Limited (CDC) Regulations, shall authenticate their identity by showing original valid Computerized National Identity Card (CNIC) or original Passport at the time of attending the Meeting.
   ii) In case of corporate entity, the resolution of Board of Directors / Power of Attorney with specimen signature of the nominee shall be produced (if not provided earlier) at the time of attending the Meeting.

7. Requirements for appointing proxies are as below:
   i) In case of individuals, the Account Holder or Sub-account Holder and / or the person whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per CDC's Regulations, shall submit proxy form.
   ii) The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form.
   iii) Attested copies of valid CNIC or the Passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished with the proxy form.
   iv) The proxy shall produce his / her original CNIC or original Passport at the time of the Meeting.
   v) In case of corporate entity, the resolution of Board of Directors / Power of Attorney with specimen signature shall be produced along with the proxy form of the Company.

8. Proxy Form is being sent to the Members along with Notice of AGM. The form of proxy can also be downloaded from the following link on Bank's website: **www.abl.com/investor-relations/shareholder-information/shareholder-notices/**

9. The instrument of proxy duly completed and signed as per above mentioned requirements must be deposited at the Registered Office of the Bank i.e. **3-Tipu Block, New Garden Town, Lahore** not less than 48 hours before the start time of the Meeting. In calculating the 48 hours, no account shall be taken of any part of the day that is not a working day.

10. If a member appoints more than one proxy, all such instruments of proxy shall be rendered invalid.

11. Members are requested to immediately notify changes in their registered addresses, if any, to the Bank's Shares Registrar before start of the book closure period.

12. As per guidelines issued by SECP, arrangements have also been made by the Bank to facilitate maximum participation of the shareholders in the Meeting through online platform/facility (i.e., zoom). Those shareholders who are interested to participate in the meeting virtually are requested to forward their following particulars along with snapshot of their valid CNIC (both sides) at least 48 hours before the time of AGM at WhatsApp # +92 321 9472547 / +92 300 0458140 or email at Shahbaz.ahmed@abl.com / Farhan.ali2@abl.com:

| Name | CNIC Number (Please attach snapshot of valid CNIC) | Folio Number / CDC Account Number | Cell Number | Email Address |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

On receipt of the request, link/credentials to join the meeting through zoom will be sent to the said shareholders on the given email address or through WhatsApp messages.

13. In accordance with the Companies (Postal Ballot) Regulation, 2018, ("Regulations"), the right to vote through electronic voting facility ("e-Voting") and voting by Post ("Postal Ballot") shall be provided to members of the Bank for "Special Business" in the manner and subject to the conditions contained in the Regulations.

As Agenda Item No. 5 is a special business, therefore, facility of e-Voting and Postal Ballot is arranged for the members through our Share Registrar M/s. CDC Share Registrar Services Limited as per following procedures:

**a) For e-Voting:**
   i. Detail of e-voting facility will be shared through e-mail with those members of the Bank who have their valid CNIC numbers, cell numbers, and e-mail addresses available in the Register of Members of the Bank by the close of business on **March 20, 2024**.
   ii. The web address, login details and password will be communicated to members via email and the security codes will be communicated to members through SMS from the web portal of M/s. CDC Share Registrar Services Limited (being an e-Voting Service Provider).
   iii. Identity of the Members intending to cast vote through e-voting shall be authenticated through electronic signature or authentication for login.
   iv. Members shall cast their vote online at any time from **March 25, 2024, 9:00 a.m. to March 27, 2024 till 5:00 pm**.
   v. Once the vote on the resolution is casted by a Member, he/she shall not be allowed to change it subsequently.

**b) For voting through Postal Ballot Paper**
   i. Members may alternatively opt for voting through postal ballot, which has been made available; (a) as attachment to this Notice and (b) on Banks's website (link: www.abl.com/investor-relations/shareholder-information/shareholder-notices/)
   ii. The members shall ensure that the duly filled and signed ballot paper along with a copy of legible Computerized National Identity Card (CNIC) and/or Board Resolution should reach the Chairman of the meeting through post at the Bank's registered address i.e. The Chairman, Allied Bank Limited, Mezzanine Floor, 3-Tipu Block, New Garden Town, Lahore, Pakistan, one day before the date of AGM i.e., **March 27, 2024, during working hours**.
   iii. The members may also email the scanned copy of duly filled and signed ballot paper along with legible copy of CNIC and/or Board Resolution at ChairmanAGM@abl.com as per timeline given above.
   iv. The signature on the Ballot Paper should match with signature on the CNIC.
   v. In case of foreign members and representatives of a body corporate, corporation and Federal Government, acceptability of other identification documents in lieu of CNIC should be approved by the board of that body corporate/company.
   vi. Incomplete, unsigned, incorrect, defaced, torn, mutilated, over written ballot papers will be rejected.

   Please note that in case of any dispute in voting including the casting of more than one vote, the Chairman shall be the deciding authority.

**FOR SHAREHOLDERS' ATTENTION:**

**Transmission of Annual Report 2023:**
In compliance with the Section 223(6) of Companies Act, 2017 (the "Act") the Bank has transmitted the Annual Report 2023 through email to those shareholders whose email addresses are available with the Bank's Share Registrar. Besides, in accordance with the shareholders' approval accorded in 71st Annual General Meeting held on March 28, 2017; DVDs have been dispatched to those shareholders whose email addresses are not available with the Share Registrar, however, the Bank would provide hard copies of the Annual Report to the shareholders on their demand at their registered addresses, free of cost, within one week of such request. In this regard, a standard request form has been placed on the Bank's website which can been downloaded directly from the link;
**www.abl.com/investor-relations/financials/financial-reports/**

**Deposit/Conversion of Physical Shares into Book-Entry Form:**
The Securities and Exchange Commission of Pakistan ("SECP") through its letter No. CSD/ED/Misc./2016-639-640 dated March 26, 2021 has advised listed companies to adhere with the provisions of the Section 72 of the Act requiring all companies to replace shares issued by them in Physical Form with shares into Book-Entry Form from the date notified by the SECP but not exceeding four years from the date of the promulgation of the Act. Therefore, the Shareholders having physical shareholding are requested to open Investor Account directly with Central Depository Company of Pakistan Limited ("CDC") or CDC Sub-account with any of the brokers to place their physical shares into book-entry form. It would facilitate the shareholders in many ways including safe custody of shares, no loss of shares, and avoidance of formalities required for the issuance of duplicate shares and readily availability for sale / purchase in stock market at better rates. The Shareholders may contact the Share Registrar and Transfer Agent of the Bank, i.e., CDC Share Registrar Services Limited (address given above) for the conversion of Physical shares into Book-Entry Form.

**Mandatory Requirement for Provision of Registration details, IBAN and CNIC (Withholding of Dividend):**
In accordance with Section 119 of the Act and Regulation 19 of the Companies (General Provisions and Forms) Regulation 2018, all physical shareholders are advised to provide their mandatory information such as CNIC number, address, email address, contact details (Mobile/telephone numbers), International Bank Account Number (IBAN) etc., to our Share Registrar at the above given address immediately to avoid any inconvenience in future.

Further, in compliance with the requirements of the Act and Companies (Distribution of Dividends) Regulations, 2017, the Bank has withheld dividend(s) of those shareholders who have not yet provided their CNIC(s) along with correct and complete bank account details including valid IBAN of their own bank accounts.

In order to receive cash dividend(s) withheld by the Bank, shareholders are requested to contact the Bank's Share Registrar or Participant/ Investor Account Services of Central Depository Company of Pakistan (as the case may be) along with a legible copy of their respective valid CNIC(s) and provide their complete and correct bank account details including valid IBAN by filling the form available at the Bank's website link:
**www.abl.com/investor-relations/shareholder-information/shareholder-useful-documents/**

**Deduction of Withholding Tax:**
Please note that withholding tax will be deducted on the basis of latest "Active Taxpayers List" (ATL) available at FBR website as per following rates:

1. **Persons appearing in Active Taxpayers List (ATL): 15%**
2. **Persons not appearing in Active Taxpayers List (ATL): 30%**

Further, in respect of joint shareholders tax will be deducted as per their respective ratio / share (if any) intimated by the shareholder to the Bank's Share Registrar, otherwise their shareholding will be treated as equal.

**Requirement of valid Tax Exemption Certificate for Claim of Exemption U/S 150 of the Income Tax Ordinance, 2001:**
If the entity is available with valid exemption certificate issued u/s 159 of the Income Tax Ordinance, 2001 or has filed a petition against the FBR for acquiring exemption certificate, in any relevant court, a copy of valid exemption certificate or certified true copy of the Stay Order of Honorable Court along with latest court proceedings (if any) would be required latest by **March 20, 2024** in lieu of valid exemption certificate for non-deduction of withholding tax. In case of non-availability of valid tax exemption certificate or relevant court order, tax under the relevant sections shall be deducted accordingly.

**Zakat Declaration (CZ-50):**
Zakat will be deducted from the dividends at source under the Zakat & Usher Laws and will be deposited within the prescribed period with the relevant authority. Please submit your Zakat declarations under the Zakat and Usher Ordinance, 1980 & Rule 4 of the Zakat (Collection and Refund) Rules, 1981, in case you want to claim exemption, with your brokers or the Central Depository Company of Pakistan Limited (in case the shares are held in Book-Entry Form) or to Bank's Share Registrar and Transfer Agent (in case the shares are held in Physical Form) at above mentioned address.

**Claiming of Unclaimed / Unpaid Dividends and Share Certificates:**
In compliance of Section 244 of the Act, the Bank has already requested through individual letters to shareholders who have not yet claimed their outstanding cash dividends, right and bonus shares. (Detail available at
**www.abl.com/investor-relations/shareholder-information/unclaimed-shares-dividend-and-tfcs/**

Shareholders are once again requested to lodge their claims for cash dividends, right / bonus shares kept with the Share Registrar and Transfer Agent of the Bank, on the address given above.

**Merger of Different Folios into one Folio:**
As per Member's Register, some of the shareholders are maintaining more than one folio under the same particulars. Carrying two or more different folios may be hassle for the shareholders to reconcile and receiving different benefits in the shape of dividends / bonus etc. In order to provide better services and convenience such shareholders are requested to send requests to the Bank's Share Registrar to merge their folios into one folio.

**Consent for Video Conference Facility:**
In accordance with Section 132(2) of the Act, the members may avail video conference facility for AGM, provided that at least 7 days prior to the date of meeting, on a demand of members residing in a city who hold at least 10% of the total paid up capital, the bank would provide the facility of video-link to such members enabling them to participate in Annual General Meeting. To avail this facility, please provide following information and submit to the Share Registrar office (address mentioned above):

I/we ____________________ of ______________ being a member of Allied Bank Limited, holder of ____________________

ordinary share(s) as per Registered Folio / CDC Investor / Participant Account No. ______________________________

hereby opt for video conference facility at ____________________________ (Please specify name of the city).

Date ______________ Signature of Member ______________________________

**Statement of Material Facts under Section 134 (3) of the Companies Act, 2017:**

This statement sets out the material facts pertaining to the special business to be transacted at the Annual General Meeting of Allied Bank Limited.

Pursuant to Securities and Exchange Commission of Pakistan's (SECP) SRO # 389(I)/2023 dated March 21, 2023, listed companies are allowed to circulate the Annual Balance Sheet and Profit and Loss Account, Auditor's Report and Directors Report etc., (i.e., "Annual Audited Financial Statements / Annual Report") to its Shareholders/ Members through QR enabled code and weblink subject to the approval of the Members in the Annual General Meeting.

Considering technological advancements and old technology becoming obsolete, the circulation of annual financial statements / Annual Report through CD/DVD/USB may be discontinued.

**In this respect, following Ordinary Resolution is proposed to be adopted by the Shareholders:**

"**RESOLVED** that the shareholders of Allied Bank Limited do hereby approve and authorize the Bank for transmission of Annual Audited Financial Statements / Annual Report, including but not limited to the Annual Balance Sheet, Profit and Loss Account, Auditor's Report, Directors' Report, Chairman's Review Report etc., to its shareholders through QR-enabled Code and Weblink, instead of transmitting the same through CD/DVD/USB."

*This notice along with Proxy Form has been sent to all members of the Company in accordance with Section 134(1) of the Companies Act, 2017.*

Allied Bank

## Postal Ballot Paper

**Ballot Paper for voting through Post for Poll to be held on Thursday, March 28, 2024.**
**At 11:00 a.m. at Palace Hall, Pearl Continental Hotel, Lahore, Pakistan.**

**Postal Address: 3-Tipu Block, New Garden Town, Lahore, Pakistan (www.abl.com)**
**Designated email address of the Chairman at which the duly filled in ballot paper may be sent: ChairmanAGM@abl.com**

| | |
|---|---|
| **Name of shareholder/joint shareholders** | |
| **Registered Address** | |
| **Number of shares held and Folio Number** | |
| **CNIC Number (copy to be attached)** | |
| **Additional Information and enclosures (In case of representative of body corporate, corporation and Federal Government.)** | |

I/we hereby exercise my/our vote in respect of the following resolution through postal ballot by conveying my/our assent or dissent to the following resolution by placing tick (☒) mark in the appropriate box below:

| Sr. No. | Nature and Description of Resolution | No. of ordinary shares for which votes cast | I/We assent to the Resolutions (FOR) | I/We dissent to the Resolutions (AGAINST) |
|---|---|---|---|---|
| 1 | **Ordinary Resolution:** **"RESOLVED that the shareholders of Allied Bank Limited do hereby approve and authorize the Bank for transmission of Annual Audited Financial Statements / Annual Report, including but not limited to the Annual Balance Sheet, Profit and Loss Account, Auditor's Report, Directors' Report, Chairman's Review Report etc., to its shareholders through QR-enabled Code and Weblink, instead of transmitting the same through CD/DVD/USB."** | | | |

______________________________
Signature of shareholder(s) / Proxy Holder / Authorized Signatory

Place: ______________________________

Date: ______________________________

**NOTES:**

1. Duly filled postal ballot should be sent to Chairman at "The Chairman, Allied Bank Limited, Mezzanine Floor, 3-Tipu Block, New Garden Town, Lahore, Pakistan" or email scan copy of the postal ballot at ChairmanAGM@abl.com
2. Copy of CNIC should be enclosed with the postal ballot form.
3. Postal ballot forms should reach chairman of the meeting on or before March 27, 2024 during working hours. Any postal ballot received after this date, will not be considered for voting.
4. Signature on postal ballot should match with signature on CNIC.
5. Incomplete, unsigned, incorrect, defaced, torn, mutilated, over written ballot paper will be rejected.

روزنامہ نوائے وقت (مشترکہ ایڈیشن؛ کراچی، لاہور اور اسلام آباد) میں آج جمعرات، 07 مارچ 2024 کو شائع ہوا

AlliedBank

www.abl.com

# نوٹس برائے 78 واں سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ الائیڈ بینک لمیٹڈ کے ممبران کا 78 واں سالانہ اجلاس عام مورخہ 28 مارچ 2024 بروز جمعرات بوقت 11 بجے صبح فزیکل اور الیکٹرانک طریقے سے (بذریعہ Zoom)، بمقام پیلس ہال، پرل کانٹینینٹل ہوٹل، لاہور میں درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا۔

**عمومی امور:**

1- الائیڈ بینک لمیٹڈ کے 77 ویں سالانہ اجلاس عام مورخہ 28 مارچ 2023 کے منٹس کی توثیق۔

2- 31 دسمبر 2023 کو ختم ہونے والے مالی سال کی بابت کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں (مجموعی وانفرادی) بمع ڈائریکٹرز رپورٹ، آڈیٹرز رپورٹ اور چیئرمین جائزہ رپورٹ کی وصولی، ان پر غور وخوض اور منظوری۔ بینک کی فنانشل سٹیٹمنٹس CD/DVD کے ذریعے بھیجی جارہی ہیں اور بینک کی ویب سائٹ پر بھی اپ لوڈ کردی گئی ہیں جسے دیئے گئے لنک سے ڈاون لوڈ کیا جاسکتا ہے۔ (www.abl.com/ur/investor-relations/financials/financial-presentations/)

3- بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش پر 40% (یعنی 4.00 روپے فی حصص) کی شرح سے حتمی نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی پر غور وخوض اور منظوری۔ یہ حتمی منافع 80% عبوری نقد منافع منقسمہ یعنی 8.00 روپے فی حصص کے علاوہ ہوگا جو کہ سال مختتمہ 31 دسمبر 2023 کیلئے پہلے ہی ادا کیا جاچکا ہے۔

4- 31 دسمبر 2024 کو ختم ہونے والے سال کیلئے بینک کے قانونی آڈیٹرز کی تقرری اوران کے معاوضے کا تعین کرنا۔ ریٹائر ہونے والے آڈیٹرز M/s. EY Ford Rhodes چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے اہل ہونے کے ناطے خود کو آڈیٹرز کے طور پر دوبارہ تقرری کیلئے پیش کیا ہے۔ مقرر کردہ آڈٹ فرم 2025 میں ہونے والے اگلے اجلاس عام کے اختتام تک اپنے عہدے پر فائز رہے گی۔

**خصوصی امور:**

5- بینک کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی CD/DVD/USB کی بجائے QR کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے اپنے شیئر ہولڈرز تک فراہمی پر غور وخوض اور عام قرارداد کے ذریعے منظوری۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3) 134 کے تحت مذکورہ خصوصی کاروبار سے متعلق اسٹیٹمنٹ آف مٹیریل فیکٹس کی تفصیل اور عام قرارداد کا مسودہ اس نوٹس کے ساتھ منسلک ہے۔

**دیگر امور:**

6- صدر اجلاس کی اجازت سے کسی بھی دیگر امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ
عدیل جاوید
کمپنی سیکرٹری

تاریخ: 07 مارچ، 2024 (لاہور)

**نوٹس:**

1- 77 ویں سالانہ اجلاس عام مورخہ 28 مارچ 2023 کے منٹس کی کاپی DVD/Email کے ذریعے شیئر ہولڈرز کو نوٹس کے ساتھ فراہم کی جارہی ہے۔ سالانہ اجلاس عام کے منٹس بینک کے رجسٹرڈ آفس میں ممبران کے معائنے کے لیے بھی دستیاب ہیں۔

2- بینک کے حصص کی منتقلی کی کتب جمعرات 21 مارچ 2024 تا جمعرات 28 مارچ 2024 تک (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ حصص منتقلی کے لئے بینک کے **شیئر رجسٹرار، میسرز CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس، B-99، بلاک۔B، S.M.C.H.S، مین شاہراہ فیصل، کراچی** کو بدھ 20 مارچ، 2024 کے دفتری اوقات ختم ہونے سے قبل موصول ہونے والی درخواستیں حصص منتقلی، ڈیویڈنڈ کے حقدار کا تعین کرنے اور سالانہ اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے لیے بروقت سمجھی جائیں گی۔

3- تمام ممبران اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حق رکھتے ہیں۔

4- میٹنگ میں شرکت اور ووٹ دینے کا حقدار ممبر کسی دوسرے ممبر کو اپنی طرف سے شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کے لیے بطور پراکسی مقرر کرسکتا ہے اور مقرر کردہ پراکسی الائیڈ بینک لمیٹڈ کا ممبر ہونا چاہیے۔
ایک کارپوریٹ ادارہ، ممبر ہونے کے ناطے، اپنے بورڈ/پاور آف اٹارنی یا دیگر گورننگ باڈی کی قرارداد کے ذریعے، کسی ایک فرد کو اختیار دے سکتا ہے کہ وہ اسکے نمائندے کے طور پر کام کرے اور مجاز فرد کارپوریٹ ادارے کی جانب سے وہی اختیارات استعمال کرنے کا حقدار ہوگا، جس کی وہ نمائندگی کرتا ہے۔

5- سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے سرکلر نمبر 1 بتاریخ 26 جنوری، 2000 کے مطابق مقرر کردہ ہدایت پر عمل کرنا ہوگا۔

6- **سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے لیے تقاضے درج ذیل ہیں:**

i) ایسے افراد، اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز اور/ یا ایسے اشخاص کو جن کے حصص گروپ اکاؤنٹ کی شکل میں ہوں اوران کی رجسٹریشن کی تفصیلات، سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (CDC) کے ضوابط کے مطابق موجود ہوں، اجلاس میں شرکت کے موقع پر اپنی شناخت کی تصدیق کیلئے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ دکھانا ہوگا۔

ii) کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں اجلاس میں شرکت کے موقع پر بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی (اگر پہلے سے فراہم نہیں کئے گئے ہوں) جس کے ساتھ نامزد کردہ شخص کے دستخط کے نمونے (Specimen) بھی منسلک ہوں، فراہم کرنا ہوں گے۔

7- **پراکسی کی تقرری کے تقاضے درج ذیل ہیں:**

i) ایسے افراد، اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز اور/ یا ایسے اشخاص، جن کے حصص گروپ اکاؤنٹ کی شکل میں ہوں اوران کی رجسٹریشن کی تفصیلات، (CDC) کے ضوابط کے مطابق جمع کروائی گئی ہوں، اجلاس میں شرکت کیلئے پراکسی فارم جمع کرانا ہوگا۔

ii) پراکسی فارم پر کم از کم دو گواہوں کے دستخط بمع نام، پتہ اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر ثبت ہونا چاہئے۔

iii) پراکسی فارم کے ساتھ بینیفیشل آنر اور پراکسی کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول بھی منسلک ہونا چاہئیں۔

iv) اجلاس کے وقت پراکسی کو اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

v) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں کمپنی کے پراکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی بمع اس کے دستخط کے نمونے (Specimen) بھی منسلک ہونا چاہئیں۔

8- پراکسی فارم ممبران کو سالانہ اجلاس عام کے نوٹس ساتھ بھیجا جارہا ہے۔ پراکسی فارم بینک کی ویب سائٹ پر درج ذیل لنک سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔
www.abl.com/ur/investor-relations/shareholder-information/shareholder-notices/

9- مذکورہ بالا تقاضوں کے مطابق مکمل اور دستخط شدہ پراکسی بینک کے رجسٹرڈ آفس **3 ٹیپو بلاک، نیو گارڈن ٹاؤن، لاہور** میں اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل لازمی جمع کروائیں۔ واضح رہے کہ 48 گھنٹوں میں چھٹی کا دن شامل نہیں ہوگا۔

10- اگر ایک ممبر ایک سے زیادہ پراکسی مقرر کرتا ہے تو پراکسی کی ایسی تمام دستاویزات کالعدم تصور ہوں گی۔

11- ممبران سے درخواست ہے کہ وہ اپنے رجسٹرڈ پتہ میں تبدیلی سے متعلق بینک کے شئیر رجسٹرار کو فوری طور پر مطلع کریں۔
ایسی درخواستیں کتب کی بندش سے قبل پہنچ جانی چاہئیں۔

12- SECP کی ہدایات کے مطابق بینک نے ممبران کی اجلاس میں زیادہ سے زیادہ شرکت کو یقینی بنانے کیلئے آن لائن پلیٹ فارم/سہولت (بذریعہ Zoom) کا انتظام کیا ہے۔
ایسے حصص یافتگان جو اجلاس عام میں بذریعہ آن لائن شرکت کرنا چاہتے ہیں ان سے درخواست ہے کہ وہ اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل اپنے کارآمد شناختی کارڈ (CNIC) کی تصویر کے ساتھ مندرجہ ذیل معلومات واٹس ایپ نمبر +923219472547 / +923000458140 یا ای میل Farhan.ali2@abl.com / Shahbaz.ahmed@abl.com پر مہیا کریں۔

| نام | CNIC نمبر (براہِ کرم اپنے کارآمد شناختی کارڈ کی تصویر منسلک کریں) | فولیو نمبر / CDC اکاؤنٹ نمبر | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

درخواست موصول ہونے پر ایسے حصص داران کو (Zoom) کے ذریعے اجلاس میں شرکت کرنے کے لئے لنک/ معلومات اُن کے دیئے گئے ای میل ایڈریس یا واٹس ایپ میسجز کے ذریعے ارسال کردی جائیں گی۔

13- کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشن 2018، ("ریگولیشن") کے مطابق "خصوصی کاروبار" کے لیے الیکٹرانک طریقے سے لیے ووٹنگ کی سہولت ("ای ووٹنگ") اور ڈاک کے ذریعے ("پوسٹل بیلٹ") بینک کے ممبران کو ریگولیشن میں درج شرائط کے تحت مہیا کی جائے گی۔ چونکہ ایجنڈا آئٹم نمبر 5 ایک خصوصی کاروبار ہے، لہذا ہمارے شئیر رجسٹرار، میسرز CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے ذریعے اراکین کے لیے ای ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ کی سہولت کا درج ذیل طریقہ کار کے مطابق انتظام کیا گیا ہے:

**الف۔ ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا طریقہ کار:**

a. ای ووٹنگ سہولت کی تفصیلات ای میل کے ذریعے بینک کے ان ممبران کے ساتھ شیئر کی جائیں گی جن کے درست CNIC نمبر، موبائل نمبر اور ای میل ایڈریسز بینک کے ممبرز رجسٹر میں 20 مارچ، 2024 کو کاروبار کے اختتام تک دستیاب ہوں گے۔

b. CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ (ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ ہونے کے ناطے) کے ویب پورٹل سے ویب ایڈریس، لاگ ان کی تفصیلات و پاس ورڈ، ای میل کے ذریعے اور سکیورٹی کوڈز ایس ایم ایس کے ذریعے ممبران کو مطلع کیے جائیں گے۔

c. ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھنے والے ممبران کی شناخت کی تصدیق الیکٹرانک دستخط یا لاگ ان کے ذریعے کی جائے گی۔

d. ممبران 25 مارچ 2024، صبح 9:00 بجے سے 27 مارچ 2024 شام 5:00 بجے تک کسی بھی وقت اپنا ووٹ آن لائن ڈال سکتے ہیں۔

e. ایک بار جب کسی رکن کی طرف سے قرارداد پر ووٹ ڈال دیا گیا، تو بعد میں اسے تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

**ب۔ پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا طریقہ کار:**

a. ممبران پوسٹل بیلٹ کے ذریعے بھی ووٹ ڈالنے کا انتخاب کرسکتے ہیں، جو: (i) اس نوٹس کے ساتھ منسلک ہے اور (ii) بینک کی ویب سائٹ پر، یعنی
www.abl.com/ur/investor-relations/shareholder-information/shareholder-notices/

b. ممبران اس بات کو یقینی بنائیں کہ صحیح طریقے سے بھرے ہوئے اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر کے ساتھ ساتھ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی اور/یا بورڈ کی قرارداد بینک کے رجسٹرڈ پتہ یعنی چیئرمین آفس، الائیڈ بینک لمیٹڈ، میزانائن فلور 3- ٹیپو بلاک، نیو گارڈن ٹاؤن، لاہور، پاکستان پر ڈاک کے ذریعے سالانہ اجلاس عام کی تاریخ سے ایک دن پہلے یعنی 27 مارچ 2024 کو کام کے اوقات کے دوران میٹنگ کے چیئرمین تک پہنچ جائے۔

c. ممبران اوپر دی گئی ٹائم لائن کے مطابق صحیح طریقے سے بھرے ہوئے اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر کی اسکین شدہ کاپی CNIC کی واضح کاپی اور/یا بورڈ کی قرارداد کے ساتھ ChairmanAGM@abl.com پر بھی ای میل کرسکتے ہیں۔

d. بیلٹ پیپر پر دستخط CNIC پر دستخط سے مماثل ہونے چاہئے۔

e. غیر ملکی ممبران اور باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن اور وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں، CNIC کی جگہ دیگر شناختی دستاویزات کی قبولیت کو اس باڈی کارپوریٹ/ کمپنی کے بورڈ سے منظور شدہ ہونا چاہئے۔

f. نامکمل، غیر دستخط شدہ، غلط، مسخ شدہ، پھٹا ہوا، زائد تحریر شدہ بیلٹ پیپر مسترد کردیا جائے گا۔

براہ کرم نوٹ کریں کہ ایک سے زیادہ ووٹ ڈالنے سمیت ووٹنگ میں کسی تنازعہ کی صورت میں، فیصلہ کرنے کا مکمل اختیار چیئرمین کے پاس ہوگا۔

## حصص یافتگان کی توجہ کیلئے:

**سالانہ رپورٹ 2023 کی ترسیل:**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (6)223 کی تعمیل کرتے ہوئے بینک سالانہ رپورٹ 2023 ان حصص داران کو بذریعہ ای میل بھیج چکا ہے، جن کے ای میل ایڈریسز بینک کے شیئر رجسٹرار کے پاس موجود ہیں۔ علاوہ ازیں بینک کے 71 ویں سالانہ اجلاس عام منعقدہ 28 مارچ 2017 میں حصص داران کی اجازت کے مطابق جن حصص داران کے ای میل ایڈریسز شیئر رجسٹرار کے پاس موجود نہیں ہیں انہیں DVDs ارسال کردی گئی ہیں۔ تاہم بینک حصص داران کو سالانہ رپورٹ کی ہارڈ کاپی بلا معاوضہ، درخواست موصول ہونے کے ایک ہفتے کے اندر اندر رجسٹرڈ پتہ پر فراہم کرے گا۔ اس سلسلے میں ایک درخواست فارم بینک کی ویب سائٹ پر موجود ہے، جسے دیئے گئے لنک سے براہ راست ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔
www.abl.com/investor-relations/financials/financial-reports/

**فزیکل شیئرز کا بک انٹری فارم میں تبادلہ:**

سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے 26 مارچ 2021 کو اپنے مراسلہ نمبر CSD/ED/Misc./2016-639-640 کے توسط سے لسٹڈ کمپنیز کو کمپنیز ایکٹ 2017 (ایکٹ) کے سیکشن 72 کی دفعہ پر عمل پیرا ہونے کا مشورہ دیا ہے جس کے تحت (SECP) کے رائج کیے گئے طریقہ کار اور مطلع شدہ تاریخ جو کہ اس ایکٹ کے جاری ہونے کی تاریخ سے چار سال سے زائد نہ ہو تمام لسٹڈ کمپنیز کو ان کے فزیکل فارم میں جاری شدہ شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کی ہدایات دی گئی ہیں۔ لہذا فزیکل شیئرز ہولڈنگ رکھنے والے حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (سی ڈی سی) کے ساتھ براہ راست انویسٹرا اکاؤنٹ کھولیں یا کسی بھی بروکر کے ساتھ سی ڈی سی سب اکاؤنٹ کھول کر اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کریں۔ اس تبدیلی سے حصص یافتگان کو مختلف چیزوں مثلاً شیئرز کی محفوظ تحویل، شیئرز کی گمشدگی سے بچاؤ، ڈپلیکیٹ شیئرز کے اجراء کی کارروائی سے نجات اور بہتر نرخوں پر اسٹاک مارکیٹ میں باآسانی خرید وفروخت کی سہولیات میسر ہونگی۔ حصص یافتگان اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کے لئے بینک کے شیئر رجسٹرار اور ٹرانسفر ایجنٹ سے (درج بالا پتہ پر) پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

**لازمی معلومات/ رجسٹریشن تفصیلات بمعہ IBAN اور موثر شناختی کارڈ (CNIC) کا مہیا کرنا۔ (منافع منقسمہ کی عدم ادائیگی)**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 119 اور کمپنیز جنرل پروویشنز اینڈ فارمز ریگولیشنز 2018 کے ریگولیشن 19 کے مطابق، تمام فزیکل شیئر ہولڈرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنی ضروری معلومات جیسے کہ CNIC نمبر، پتہ، ای میل، موبائل/ ٹیلی فون نمبر، انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) وغیرہ، ہمارے شیئر رجسٹرار کو (درج بالا پتہ پر) فوری طور پر فراہم کریں تاکہ مستقبل میں کسی بھی قسم کی پریشانی سے بچا جاسکے۔ مزید برآں کمپنیز ایکٹ 2017 اور کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈ) ریگولیشنز 2017 کی شرائط پر عمل کرتے ہوئے بینک ان حصص داران کو منافع منقسمہ ادا نہیں کرسکتا جنہوں نے ابھی تک اپنا شناختی کارڈ اور بینک اکاؤنٹ کی درست تفصیلات بشمول کارآمد IBAN فراہم نہیں کی ہیں۔ بینک کے پاس روکے گئے نقد منافع منقسمہ کی وصولی کی غرض سے حصص داران سے درخواست ہے کہ بینک کے شیئر رجسٹرار یا پارٹیسپینٹ (سٹاک بروکرز)/ سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان کی انویسٹرا اکاؤنٹ سروسز (جیسی بھی صورت ہو) کو اپنے کارآمد شناختی کارڈ کی واضح کاپی اور اپنے بینک اکاؤنٹ کی درست اور مکمل تفصیلات بشمول کارآمد IBAN فراہم کریں۔
اس کے لئے بینک کی ویب سائٹ لنک www.abl.com/ur/investor-relations/shareholder-information/shareholder-useful-documents/ پر دستیاب فارم کو پُر کرکے ارسال کریں۔

**ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی:**

برائے مہربانی نوٹ کرلیں کہ ودہولڈنگ ٹیکس FBR کی ویب سائٹ پر موجود تازہ ترین "ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL)" کے مطابق منہا ہوگا، جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

**ا۔ جن افراد کے نام "ATL" میں شامل ہونگے: 15 فیصد    ۲۔ جن افراد کے نام "ATL" میں شامل نہیں ہونگے: 30 فیصد**

مزید برآں جوائنٹ حصص داران کی صورت میں ٹیکس کٹوتی حصص داران کی فراہم کردہ حصص کے تناسب کی بنیاد پر ہوگی۔ بصورت دیگر انکے حصص پر کٹوتی برابری کی بنیاد پر ہوگی۔

**مستند ٹیکس استثنیٰ سرٹیفکیٹ کی ضرورت برائے دعویٰ استثنیٰ U/S150 انکم ٹیکس آرڈیننس 2001:**

انکم ٹیکس آرڈیننس کی شق 159 کے تحت اگر کسی کے پاس استثنیٰ کا سرٹیفکیٹ ہے یا اس نے متعلقہ عدالت میں استثنیٰ کا سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لیے ایف بی آر کے خلاف دعویٰ دائر کر رکھا ہو تو ایسی صورت میں ودہولڈنگ ٹیکس سے مستثنیٰ ہونے کے لیے مستند استثنیٰ سرٹیفکیٹ یا معزز عدالت سے حاصل کیے گئے حکم امتناعی کی مصدقہ کاپی 20 مارچ 2024 تک مہیا کرنا ہوگی۔
مستند استثنیٰ سرٹیفکیٹ یا متعلقہ عدالتی حکم کی عدم دستیابی کی صورت میں ٹیکس کی کٹوتی متعلقہ سیکشنز کے مطابق کی جائے گی۔

**زکوٰۃ ڈیکلریشن CZ-50:**

زکوٰۃ اور عشر قوانین کے تحت منافع منقسمہ پر زکوٰۃ کی کٹوتی کی جائے گی اور مقررہ مدت میں متعلقہ اتھارٹی کے پاس جمع کروادی جائے گی۔ زکوٰۃ کا استثنیٰ حاصل کرنے کیلئے براہ کرم زکوٰۃ و عشر آرڈیننس 1980 اور زکوٰۃ (کلیکشن اینڈ ریفنڈ) رولز، 1981 کے قاعدہ 4 کے تحت زکوٰۃ ڈیکلریشن (اگر حصص بک انٹری کی صورت میں ہیں تو) اپنے بروکرز یا سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کے پاس اور (اگر حصص فزیکل فارم میں ہیں تو) بینک کے شیئر رجسٹرار/ ٹرانسفر ایجنٹ کے پاس مذکورہ بالا پتہ پر جمع کروائیں۔

**غیر دعویٰ شدہ/ غیر ادا شدہ منافع منقسمہ اور شیئر سرٹیفکیٹس کا دعویٰ:**

2017 کے کمپنیز ایکٹ کے سیکشن 244 کی تعمیل میں بینک نے پہلے ہی انفرادی طور پر بھیجے گئے خطوط کے ذریعے ان حصص یافتگان سے درخواست کی ہے جنھوں نے ابھی تک اپنے نقد منافع منقسمہ، رائٹ یا بونس شیئرز کا دعویٰ نہیں کیا، ان سے ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے غیر دعویٰ شدہ/ غیر ادا شدہ نقد منافع منقسمہ اور رائٹ یا بونس شیئرز جو کہ بینک کے شیئر رجسٹرار اور ٹرانسفر ایجنٹ کے پاس موجود ہیں، کیلئے اپنا دعویٰ اوپر دیے گئے پتہ پر دائر کریں۔ جس کی تفصیلات اس لنک پر دستیاب ہیں:
www.abl.com/ur/investor-relations/shareholder-information/unclaimed-shares-dividend-and-tfcs/

**مختلف کھاتوں کی ایک کھاتہ میں منتقلی:**

ممبر رجسٹر کے مطابق کچھ حصص داران ایک ہی کوائف کے ساتھ ایک سے زیادہ حصص کے کھاتوں (فولیوز) کے حامل ہیں۔ ایک سے زیادہ کھاتے رکھنا حصص داران کیلئے منافع منقسمہ/ بونس کی وصولی میں پریشانی کا باعث بن سکتا ہے۔ بہتر خدمات کے حصول کیلئے ایسے حصص داران سے گزارش ہے کہ وہ اپنے مختلف کھاتوں کو ایک کھاتہ میں ضم کرنے کیلئے بینک کے شیئر رجسٹرار کو درخواست دیں۔

**وڈیو کانفرنس کی سہولت کیلئے درخواست:**

کمپنیز ایکٹ کے سیکشن (2) 132 کے تحت کسی بھی شہر میں رہنے والے بینک کے ممبران جو کم از کم 10 فیصد یا اس سے زائد حصص رکھتے ہیں سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے لیے ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرسکتے ہیں بشرطیکہ انکی درخواست میٹنگ کی تاریخ سے کم از کم 7 دن پہلے بینک کو موصول ہو۔
یہ سہولت حاصل کرنے کے لئے برائے مہربانی مندرجہ ذیل معلومات فراہم کریں اور شیئر رجسٹرار آفس میں جمع کروائیں۔

میں/ ہم (شیئر ہولڈر کا نام) ________، (شہر کا نام) ________ سے الائیڈ بینک کا ممبر ہونے کے تحت ________
آرڈینری شیئرز بمطابق فولیو/ سی ڈی سی/ انویسٹرا اکاؤنٹ نمبر ________ (شہر کا نام واضح کریں) ________
میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنا چاہتا ہوں۔ تاریخ: ________ ممبر کے دستخط: ________

**کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3) 134 کے تحت اسٹیٹمنٹ آف مٹیریل فیکٹس:**

اس اسٹیٹمنٹ میں الائیڈ بینک لمیٹڈ کے سالانہ اجلاس عام میں کیے جانے والے خصوصی امور سے متعلق مٹیریل فیکٹس کی تفصیل دی گئی ہے۔
سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے SRO نمبر 2023/(I)389 مورخہ 21 مارچ 2023 کے مطابق، لسٹڈ کمپنیوں کو سالانہ بیلنس شیٹ و پرافٹ اینڈ لاس اکاؤنٹ، آڈیٹرز رپورٹ اور ڈائریکٹرز رپورٹ وغیرہ (یعنی "سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے/ سالانہ رپورٹ") اپنے شیئر ہولڈرز/ ممبران کو QR کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے فراہم کرنے کی اجازت دی ہے۔ جو کہ سالانہ اجلاس عام میں ممبران کی منظوری سے مشروط ہے۔
نئی ٹیکنالوجی میں جدیدیت اور پرانی ٹیکنالوجی میں معدودیت کو مدنظر رکھتے ہوئے، CD/DVD کے ذریعے سالانہ مالیاتی گوشواروں/ سالانہ رپورٹ کی ترسیل کو بند کیا جاسکتا ہے۔
اس سلسلے میں حصص داران کو مندرجہ ذیل عام قرارداد اپنانے کی تجویز ہے:

**"طے پایا کہ الائیڈ بینک لمیٹڈ کے حصص داران بینک کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے/ سالانہ رپورٹ بشمول بیلنس شیٹ و پرافٹ اینڈ لاس اکاؤنٹ آڈیٹرز رپورٹ، ڈائریکٹرز رپورٹ، چیئرمین کی جائزہ رپورٹ وغیرہ، کی ترسیل CD/DVD/USB کی بجائے QR کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے شیئر ہولڈرز کو ارسال کرنے کی منظوری اور اختیار دیتے ہیں"۔**

نوٹس ہذا بمعہ پراکسی فارم کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق نمبر (1) 134 کے تحت تمام ممبران کو بھیجا جاچکا ہے۔

AlliedBank

## پوسٹل بیلٹ پیپر

**28 مارچ 2024 بروز جمعرات صبح 11:00 بجے پیلس ہال، پرل کانٹینینٹل ہوٹل، لاہور، پاکستان میں پوسٹ کے ذریعے ووٹنگ کے لیے بیلٹ پیپر**

**ڈاک کا پتہ: 3- ٹیپو بلاک، نیو گارڈن ٹاؤن، لاہور، پاکستان (www.abl.com)**

**چیئرمین کا نامزد ای میل ایڈریس جس پر صحیح طریقے سے بھرا ہوا بیلٹ پیپر بھیجا جاسکتا ہے: ChairmanAGM@abl.com**

| | |
|---|---|
| شیئر ہولڈر/ مشترکہ شیئر ہولڈرز کا نام | |
| رجسٹرڈ ایڈریس | |
| حصص کی تعداد اور فولیو نمبر | |
| CNIC نمبر (کاپی منسلک کرنی ہے) | |
| اضافی معلومات اور دستاویزات (باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن اور وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں) | |

میں/ ہم مندرجہ ذیل قرارداد کے سلسلے میں پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا/ ہمارا ووٹ ذیل میں دیے گئے مناسب باکس میں ٹک (✓) کا نشان لگا کر اپنی/ ہماری رضامندی یا اختلاف رائے کا اظہار کرتے ہیں:

| سیریل نمبر | قرارداد کی نوعیت اور تفصیل | عام حصص کی تعداد جن کے لیے ووٹ ڈالے گئے | میں/ ہم قرارداد کے حق میں منظوری دیتے ہیں | میں/ ہم قرارداد سے اختلاف کرتے ہیں |
|---|---|---|---|---|
| 1 | **عام قرارداد: "طے پایا کہ الائیڈ بینک لمیٹڈ کے حصص داران بینک کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے/ سالانہ رپورٹ بشمول بیلنس شیٹ و پرافٹ اینڈ لاس اکاؤنٹ، آڈیٹرز رپورٹ، چیئرمین کی جائزہ رپورٹ وغیرہ، کی ترسیل CD/DVD/USB کی بجائے QR کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے شیئر ہولڈرز کو ارسال کرنے کی منظوری اور اختیار دیتے ہیں"۔** | | | |

________________________
شئیر ہولڈرز / پراکسی ہولڈر / مجاز فرد کے دستخط

جگہ: ________________________

تاریخ: ________________________

نوٹس:
1. درست طریقے سے بھرے ہوئے پوسٹل بیلٹ چیئرمین کو ذیل میں دیے گئے پتہ پر بھیجیں
(دی چیئرمین آفس، الائیڈ بینک لمیٹڈ، میزانائن فلور، 3- ٹیپو بلاک، نیو گارڈن ٹاؤن، لاہور، پاکستان ChairmanAGM@abl.com
2. پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ CNIC کی کاپی منسلک ہونی چاہیے۔
3. پوسٹل بیلٹ فارم 27 مارچ 2024 کام کے اوقات کے دورانیہ تک یا اس سے پہلے میٹنگ کے چیئرمین تک پہنچ جائیں۔ اس تاریخ کے بعد موصول ہونے والا کوئی بھی پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کے لیے تصور نہیں کیا جائے گا۔
4. پوسٹل بیلٹ پر دستخط CNIC پر دستخط سے مماثل ہونا چاہئے۔
5. نامکمل، غیر دستخط شدہ، غلط، مسخ شدہ، پھٹا ہوا، زائد تحریر شدہ بیلٹ پیپر مسترد کردیا جائے گا